Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۳۱ مئی سنہ ۱۹۲۶ء	نمبر ۲۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	توسیع ملازمت مسٹر عبداللہ صاحب مع اضافہ	۱ و ۲
۲	رخصت منصرم [illegible] ملازمان۔	۲
۳	قواعد تعلیمی مدرسہ [illegible]	۲
۴	انتقال مدرسہ [illegible]	۲
۵	برخاستگی مدرس	۲
۶	جرمانہ بر مدرسین [illegible]	۲ و ۳
۷	[illegible]	۳
۸	نیلام [illegible]	۳
۹	اعلان کتب جدید المطبع	۳
۱۰	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مسٹر محمد عبداللہ سب انجینیر انہار کی مدت ملازمت میں دو سال کی توسیع انہیں شرائط پر دیجاتی ہی جو بروقت ڈیپوٹیشن طے ہوے تھے۔ اور بموجب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار مسٹر عبداللہ کی تنخواہ موجودہ میں ایک سو پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہی۔ اب انکو ساڑھے چھ سو روپیہ تنخواہ ملیگی۔ اور اسمیں حق پنشن وغیرہ بھی شامل ہی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
رخصت
۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہہ منصرم گاؤمیش خانہ بذمہ داری کام نائب منصرم گاؤمیش خانہ من ابتدا ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء لغایت ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

بموجب رپورٹ منصرم گاؤمیش خانہ کی رخصت رعایتی ایکماہہ بذمہ داری کام نائب منصرم گاؤمیش خانہ منظور ہو۔ کاغذات بغرض اجراے احکام واپس ہون
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب قواعد جدید یہ قرار دیا گیا ہی کہ جن مدارس مین ایک مدرس ہی وہ لوئر پرائمری رہینگی اور جماعت دوم تک انمین تعلیم دیجائیگی۔ باشندگان مواضعات اور بعض مدرسین اسکی نسبت یہ عذر کرتے ہین کہ جو طلبا جماعت سوم وچہارم کے تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہین انکو یا تو اپر پرائمری مدارس کی آمد و رفت مین مسافت بعید کی وجہ سے تکلیف ہوگی یا انکی تعلیم نہ ہوسکیگی۔ یہ عذر ضرور قابل لحاظ ہے لیکن اصولاً ایک مدرس جماعت اول سے جماعت چہارم تک کسیطرح تعلیم کافی نہین دے سکتا اس لئے یہ قاعدہ مقرر کیا گیا۔ لیکن اگر کوئی مدرس جماعت دوم سے اعلے جماعتون کو تعلیم دینا چاہے اور تعلیم مین کوئی نقصان کسی درجے طلبا کا نہ ہو تو مدرس کی کارگزاری سمجھی جائیگی اسکی یہ کوشش قابل اعتراض نہ ہوگی لہذا

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری کئے جائین۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ خرابی کام احمد شاہ خان مدرس اول مدرسہ گھیر طوفان اور ہدایت علیخان مدرس دوم گھیر طوفان اور عبد الرحیم مدرس دوم مدرسہ نالہ پار برخاست کئے گئے اور مولوی تلاوت حسین مدرس اول نالہ پار بہ تنزل چار روپیہ گیارہ روپیہ تنخواہ پر مدرسہ زیت نگر تحصیل سوار کو تبدیل کیا گیا۔ مدرسہ گھیر طوفان مین گوبند سنگھ انٹرنس پاس پندرہ روپیہ تنخواہ پر مدرس اول اور محمد الدین منشی الہ آباد پاس بارہ روپیہ تنخواہ پر مدرس دوم مقرر کئے گئے۔ اور راج بہادر انٹرنس پاس پندرہ روپیہ تنخواہ پر مدرسہ نالہ پار مین مدرس اول اور سید شجاعت علی ولد سید فرزند علی منشی ومنشی عالم پنجاب بارہ روپیہ تنخواہ پر مدرسہ نالہ پار مین مدرس دوم مقرر کئے گئے۔ یکل تقرر امتحاناً براے چھ ماہ ہین۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا براے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
برخاستگی
۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مدرسہ گھیر طوفان مین گوبند سنگھ انٹرنس پاس کا تقرر ہوا تھا اور کل ہی اُسنے مدرسہ کا چارج لیا تھا آج اُسنے پندرہ روز کی درخواست رخصت پیش کی جو نا منظور کی گئی۔ چونکہ بار بار مدرسین کے انتظام سے مدرسہ خراب ہوتا ہے پندرہ روز کے لئے اُسکا عوض مدرس مقرر نہین کیا جاسکتا۔ لہذا گوبند سنگھ برخاست کیا جائے۔ شمس الاسلام مدرس مڈل جو رخصت پر تھا اُسنے بقیہ ایام رخصت کی منسوخی کی درخواست پیش کی ہی۔ اُسکی باقی ایام کی رخصت منسوخ کیجائے اور مدرسہ گھیر طوفان مین اپنی موجودہ تنخواہ پر مدرس اول مقرر کیا جائے اگر شمس الاسلام نے کام ٹھیک کیا تو آیندہ اُنکی تنخواہ کی تکمیل ہوسکیگی اور مولوی مختار احمد جو مدرسہ مڈل مین شمس الاسلام کے عوض تھے مدرسہ مذکور مین اپنی موجودہ تنخواہ پر مستقل کئے جائین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ
۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بقصور پیش کرنے رپورٹ گستاخانہ عبد الحمید مدرس پٹوائی پر ایک روپیہ

جرمانہ معاف کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

آج بعائنہ یو۔پی گزٹ واضح ہوا کہ ورناکیولر فائنل امتحان سنہ ۱۹۲۶ء میں مڈل اسکول رامپور سے پانچ لڑکے شریک ہوئے تھے۔ منجملہ اُنکے ایک لڑکا مسمی رام کشپال تھرڈ ڈویزن میں پاس ہوا ہے۔ اگرچہ یہ نتیجہ بُرا ہے لیکن بمقابلہ سالگذشتہ پھر بھی بہتر ہے۔ کیونکہ سالگذشتہ میں ایک بھی پاس نہیں ہوا تھا۔ نیز یہ کہ جو خرابی تعلیم میں پہلے سے آرہی ہے۔ اُسکے رفع ہونے کے لئے وقت درکار ہے۔ اور موجودہ ہیڈ ماسٹر کا تقرر اثنائے سال میں ہوا ہے اسسال یہ نتیجہ قابل گرفت نہیں ہے۔ ہیڈ ماسٹر کو کوشش کرنا چاہیے کہ آئندہ لڑکے امتحان کے لئے پوری قابلیت حاصل کریں۔ لہذا

حکم ہے کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل درج گزٹ کیجائے اور اصل روبکار اطلاعاً انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر بارہ تبادلہ ڈاکٹر مہابیر پرشاد از شفاخانہ بریج شہر بجائے ڈاکٹر محمد عازم در شفاخانہ صدر و تبادلہ ڈاکٹر محمد عازم از شفاخانہ صدر بجائے مہابیر پرشاد در شفاخانہ بریج شہر از یکم ماہ مئی سنہ ۱۹۲۶ء۔

حکم

حسب صراحت یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب تبادلہ ڈاکٹر مہابیر پرشاد و ڈاکٹر محمد عازم کے احکام جاری کئے جائیں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی جسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی۔
قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہی

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۔ ۱۲/ ہی

العدل ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہی جسمین حق تعالے کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہی قیمت ۔ عہ/ ہی

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۔ چہ/ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہوں منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۴ لغایت ۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ ہفتہ چہارم

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶۰ ٹار	۰	۶۰ ٹار	۶۰ ٹار	۶۰ ٹار	۶۰ ٹار	
نخود خالص	۸ ٹار	۰	۹ ٹار	۹ ٹار	۸ ٹار	۸ ٹار	
نخود کسہ آمیز	۸۰ ٹار	۰	۱۰ ٹار	۹۰ ٹار	۸۰ ٹار	۸۰ ٹار	
کستہ	۸۰ ٹار	۰	۱۰ ٹار	۹۰ ٹار	۰	۹ ٹار	
ماش	۵ ٹار	۰	۰	۵۰ ٹار		۵ ٹار	
مونگ	۴ ٹار		۰	۰	۰	۴ ٹار	
نتھا	۸ ٹار	۰	۰	۰	۰	۶ ٹار	
جئی	۱۰ ٹار	۰	۱۰۰ ٹار	۱۱ ٹار	۱۱ ٹار	۱۱ ٹار	
گوجئی	۱۰ ٹار	۰	۸ ٹار	۹۰ ٹار	۱۰ ٹار	۱۱ ٹار	
عدس	۶۰ ٹار	۰	۰	۶ ٹار	۶۰ ٹار	۶۰ ٹار	
ارہر	۷۰ ٹار	۰	۷۰ ٹار	۹ ٹار	۷۰ ٹار	۷ ٹار	
برنج	۴ ٹار	۰	۴۰ ٹار	۴۰ ٹار	-	۴۰ ٹار	
روغن زرد	۷۰ چھٹانک	۰	۰ ٹار	۱۰ ٹار	۱۰ ٹار	۷ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱ ٹار	۰	۱۰ ٹار	۱ ٹار	۱ ٹار	۱۰ ٹار	
روغن کنجد	۱ ٹار	۰	۱ ٹار	۱ ٹار	۱ ٹار	۱ ٹار	
نمک سانبھر	۱۳ ٹار	۰	۱۳ ٹار	۱۳ ٹار	۱۳ ٹار	۱۳ ٹار	
نمک لاہوری	۶ ٹار	۰	۶ ٹار	۵ ٹار	۰	۸ ٹار	
قند سیاہ	۴ ٹار	۰	۴ ٹار	۴ ٹار	۴۰ ٹار	۴ ٹار	
باجرہ	۶ ٹار	۰	۰	۰	۰	۶ ٹار	

مطبوعہ ... پریس ریاست رامپور